جنگ

ڈیٹا پروسیسنگ کو عالمی معیار کے مطابق اپ گریڈ کرنے کیلئے نیشنل بینک کا معاہدہ

نئے نظام کے تحت تمام برانچیں مرکزی نظام کے تحت چوبیس گھنٹے بلاتعطل آپریٹ ہوسکیں گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیشنل بنک آف پاکستان نے ہفتہ میں سات دن اور دن میں چوبیس گھنٹے اپنے اکاؤنٹ ہولڈرز کو بہترین خدمات پیش کرنے کے لئے جدید ترین آئی ٹی ٹیکنالوجی کو استعمال کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس ضمن میں بنک نے گیٹر ونکس پاکستان کے ساتھ ایک معاہدہ کیا ہے جس کے تحت گیٹر ونکس پاکستان نیشنل بنک کے ڈیٹا پروسیسنگ کو بین الاقوامی معیار کے تحت اپ گریڈ کرے گا۔ نئے نظام کے تحت نیشنل بنک کی تمام 1290 برانچیں ایک مرکزی نظام کے تحت چوبیس گھنٹے بلاتعطل آپریٹ بھی ہوسکیں گی اور ان کو مانیٹر بھی کیا جاسکے گا۔ اس معاہدے پر بنک کی جانب سے آئی ٹی کے شعبے کے سربراہ نائب صدر قاسم وائی خان اور گیٹر ونکس پاکستان کے کنٹری منیجر فیصل راؤ نے دستخط کئے جبکہ اس موقع پر بنک کے صدر ڈاکٹر آصف بروہی اور بنک کے دیگر سینئر افسران بھی موجود تھے۔ بنک کے چیف انفارمیشن آفیسر محمود صدیقی اور ڈپٹی چیف انفارمیشن آفیسر یاسین انصاری نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اس پروجیکٹ کو سراہتے ہوئے کہا کہ نئے پروجیکٹ پر عملدرآمد سے نہ صرف بنک اپنے اکاؤنٹ ہولڈرز کو بلاتعطل اور سرعت کے ساتھ خدمات مہیا کرنے کے قابل ہوسکے گا بلکہ اس سے بنک جدید ترین سہولیات مہیا کرنے میں پاکستان کے دیگر تجارتی بنکوں پر ایک مرتبہ پھر سبقت لے گیا ہے۔ اس نئے آئی ٹی پروجیکٹ کے تحت نیشنل بنک کو دیگر بنکوں کے مقابلے میں ایک مرتبہ پھر بنکنگ کے نئے آلے اور ٹیکنالوجی کو متعارف کرانے کا سہرا حاصل ہے۔